مفتی منیب الرحمٰن
صدر تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان
مہتمم دار العلوم نعیمیہ کراچی
Mufti Munib-ur-Rehman
President Tanzeem-ul-Madaris Ahle Sunnat Pakistan
Principal Darul Ullome Naeemia Karachi

حوالہ نمبر ______________ تاریخ ______________

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم مولانا مفتی علی اصغر المدنی العطاری زید مجدہ نے ''جی۔ ایم۔ آئی کی شرعی حیثیت'' کے عدمِ جواز پر ایک مدلّل ومفصّل فتویٰ مرتب کیا ہے، میں اس کی تائید وتوثیق کرتا ہوں۔ ان کے لئے رسوخ فی الدین، تفقہ فی الدین، تعمّق فی المسائل، اصابتِ فکر، توسط اور توازن واعتدال کی دعا کرتا ہوں۔ میں ہمیشہ سے ''نیٹ ورک مارکیٹنگ''، جی۔ ایم۔ آئی اور اس طرح کے کاروباری تزویری (Forgery) نیٹ ورک کے عدمِ جواز کی بات کرتا رہا ہوں، لیکن مجھے حیرت ہے کہ کسی نے you.tube پر میرے نام سے اس کے جواز کا لکھا ہے، یہ ایک دیدہ دلیری پر مبنی ایک علمی خیانت ہے اور عوام الناس کو میرے نام سے دھوکہ دے کر اپنے ناپاک مقاصد کو پورا کرنے کی شرمناک کوشش ہے۔ میرا کوئی بھی زبانی یا تحریری فتویٰ اس کے جواز کا ریکارڈ پر موجود ہے، نہ میں نے کبھی جاری کیا ہے۔ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے غیظ وغضب سے ڈرنا چاہئے اور بہتان طرازی سے گریز کرنا چاہئے۔ جن صاحب نے بھی میرے نام سے یہ فتویٰ you.tube پر ڈالا ہے، ان کی شرعی ذمے داری ہے کہ اسے حذف (Delete) کردیں۔

17، مارچ 2011ء

دعا گو ودعا جو

منیب الرحمٰن

پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن

Darul Uloom Naeemia
Block 15 Fedral B Area, Karachi
Ph: 92:21-6314508 Fax: 92-21-637688
muftinaeemia@yahoo.com
دار العلوم نعیمیہ بلاک 15 فیڈرل بی ایریا کراچی